سوال

(104) بیوی سے ہمبستری کئے بغیر ولیمہ

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

کیا بیوی سے ہمبستری کئے بغیر ولیمہ کیا جا سکتا ہے۔؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

ولیمہ کے وقت میں اسلاف کا اختلاف ہے کہ آیا یہ عقد نکاح کے وقت ہوگا یا پھر دخول کے وقت یا دخول کے بعد، یا کہ اس کے لیے وسعت ہے کہ عقد نکاح سے شروع ہو کر دخول ہونے تک کسی بھی وقت کیا جا سکتا ہے، اس میں کئی ایک اقوال پائے جاتے ہیں۔

افضل یہی ہے کہ نبی کریم ﷺ کی اقتداء اور پیروی کرتے ہوئے ولیمہ رخصتی اور دخول کے بعد کیا جائے، لیکن اگر ایسا کرنا میسر نہ ہو تو پھر دخول سے قبل یا پھر عقد نکاح کے وقت یا عقد نکاح کے بعد بھی ولیمہ کرنے میں کوئی حرج نہیں

تفصیل کے لئے دیکھیں فتوی نمبر (2900)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی